PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

بنگلہ دیش کے خلاف ٹیسٹ سیریز کے لیے میچ آفیشلز کا اعلان

لاہور،9اگست2024ء:

بنگلہ دیش کے خلاف دو ٹیسٹ میچوں کی ہوم سیریز کے لیے میچ آفیشلز کے ناموں کا اعلان کر دیا گیا ہے۔

سری لنکا سے تعلق رکھنے والے میچ ریفریز کے آئی سی سی ایلیٹ پینل کے ممبر رنجن مدوگالے پاکستان اور بنگلہ دیش کے دونوں ٹیسٹ میچوں میں آئی سی سی میچ ریفری ہوں گے۔ یہ دونوں ٹیسٹ آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کا حصہ ہیں۔

پہلا ٹیسٹ میچ 21 سے 25 اگست تک راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم راولپنڈی میں کھیلا جائے گا۔

دوسرا ٹیسٹ میچ 30 اگست سے 3 ستمبر تک نیشنل بینک اسٹیڈیم کراچی میں کھیلا جائے گا۔

ٹیسٹ سیریز کے لیے تین امپائرز آئی سی سی ایلیٹ پینل آف امپائرز سے ہوں گے اور دو امپائرز آئی سی سی انٹرنیشنل پینل آف امپائرز سے ہوں گے۔

راولپنڈی ٹیسٹ میں انگلینڈ کے رچرڈ کیٹلبرو اور جنوبی افریقہ کے ایڈرین ہولڈسٹوک آن فیلڈ امپائر ہوں گے۔ انگلینڈ کے مائیکل گف تھرڈ امپائر جبکہ پاکستان کے راشد ریاض فورتھ امپائر کے فرائض انجام دیں گے۔

کراچی ٹیسٹ میں مائیکل گف اور ایڈرین ہولڈسٹوک آن فیلڈ امپائر کے فرائض انجام دیں گے جبکہ رچرڈ کیٹلبرو تھرڈ امپائر اور پاکستان کے آصف یعقوب فورتھ امپائر ہوں گے۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial